۶۔ حسن انتظام = اچھا انتظام

۷۔ ڈھادینا = گرادینا

۸۔ مورخین = تاریخ لکھنے والے

۹۔ مشفق = محبت کرنے والا

## II- ان سوالات کے جوابات لکھیے۔

ا۔ اورنگ زیبؒ نے سماج کی کونسی برائیوں کا خاتمہ کیا؟

۲۔ اورنگ زیبؒ کیسی زندگی گزارتے تھے؟

۳۔ اورنگ زیبؒ نے عوام اور ملک کی ترقی کے لیے کیا کام کئے؟

۴۔ اورنگ زیبؒ پر متعصب ہونے کا الزام لگایا گیا ۔ یہ کہاں تک صحیح ہے ؟

۵۔ ہندو قوم کو جزیہ کے بدلے میں کیا دیا جاتا تھا؟

۶۔ اورنگ زیبؒ نے تعلیم کو فروغ دینے کے لئے کیا کیا ؟

## III- دیے گئے مذکر کے مؤنث لکھیے۔

ا۔ شہزادہ - ________

۲۔ راجا - ________

۳۔ گھوڑا - ________

۴۔ بچہ - ________





## IV- سادہ جملوں کو سوالیہ جملوں میں تبدیل کریں۔

ا۔ وہ بہادر بادشاہ تھا ۔

ج ________

۲۔ اورنگ زیبؒ نے ستی کی رسم کو ختم کیا ۔

ج ________

۳۔ اورنگ زیبؒ نے ملک کی ترقی کے لیے بہت کام کئے۔

ج ________

۴۔ اورنگ زیبؒ کے سپہ سالار مرزا راجا جئے سنگھ تھے۔

ج ________

۵۔ ہندوستان کے عظیم شہنشاہ اورنگ زیب تھے۔

ج ________

## V- دیے گئے اقتباس کو مناسب الفاظ سے پُر کرو۔

ایک دفعہ اورنگ زیبؒ ________ کی لڑائی کا تماشہ دیکھ رہے تھے اتنے میں ایک ہاتھی ________ ہوا اورتماشائیوں کا رخ کیا ۔ دوسرا ________ اس کے پیچھے بھاگا۔ تمام ________ بدحواس ہوکر اِدھر اُدھر بھاگنے لگے۔ لیکن یہ ________ خود گھوڑا لے کر ہاتھی کے ________ کے لئے سامنے آگیا۔ اتنے میں دوسرے ________ نے ہاتھی کو ________ سے باندھ کر روک دیا۔

کبھی مسلمان ہونے کی شرط نہیں لگائی۔ بادشاہ سچا پکا مسلمان ضرور تھا لیکن اس نے کبھی کسی غیر مسلم پر نہ کبھی ظلم کیا اور نہ اسے اس کے حق سے محروم کیا۔

اورنگ زیب کی فوج میں تیس فیصد ہندو تھے۔ چودہ ہندو سپہ سالار تھے۔ اس کے سب سے بڑے سپہ سالار مرزا راجا جے سنگھ تھے جن کو صوبے دار کا درجہ حاصل تھا۔ راجہ جے سنگھ کی تجویز پر اورنگ زیب نے کئی بڑے بڑے مسلم عہدیداروں کو سزائیں دیں۔

اگر کوئی مسلم حکمراں مندر کی تعمیر پر پابندی لگاتا تو اورنگ زیب سختی سے حکم جاری کرتے کہ ایسی پابندی ہرگز نہ لگائی جائے۔

ایک اہم بات اورنگ زیب کا ہندوؤں پر جزیہ (ٹیکس) لگانا ہے۔ اس سلسلہ میں بچوں کو چند باتیں جاننا ضروری ہے۔ پہلی بات ہندو ، جزیہ خوشی سے دیتے تھے کیونکہ جزیہ کے بدلے میں ان کی جان اور مال کی حفاظت کی جاتی تھی۔ دوسری چیز جزیہ دینے والوں کو جنگ میں جانے کے لیے مجبور نہیں کیا جاتا تھا۔ تیسری اہم بات مسلمانوں سے زکات اور غیر مسلم بھائیوں سے جزیہ لئے جاتا تھا اور خاص طور پر جزیہ کی مقدار ہمیشہ زکوٰۃ سے کم ہی ہوتی تھی۔ خود ہندو مورخین کی کتابوں سے ثابت ہے کہ کبھی غریب ہندوؤں سے جزیہ نہیں لیا گیا۔

## ا- الفاظ و معانی

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ گھمسان | = | زور دار |
| ۲۔ افراتفری | = | ہل چل |
| ۳۔ کوشاں | = | کوشش کرنے والا |
| ۴۔ مسنون | = | وہ کام جسے حضرت محمدؐ نے خود کیا ہو۔ |
| ۵۔ ممنوع | = | منع کیا گیا |



وشواناتھ مندر کو ڈھانے کے متعلق ہے۔ اس کی حقیقت کچھ اس طرح ہے ایک بار اورنگ زیب اپنے لشکر کو لے کر بنگال کی جانب جاتے ہوئے وارانسی سے گزر رہے تھے۔ لشکر میں موجود کچھ ہندو راجاؤں نے اورنگ زیبؒ سے اپنی خواہش ظاہر کی کہ وہ ایک رات وارانسی میں قیام کرنا چاہتے ہیں۔ اورنگ زیب نے اجازت دے دی۔ اس لشکر میں 44 ہندو راجاؤں کے ساتھ ان کی رانیاں بھی تھیں۔ رانیوں نے گنگا میں غسل کیا اور پھر پوجا کے لئے وشواناتھ مندر گئیں۔ پوجا کے بعد وشواناتھ مندر سے 43 رانیاں واپس آئیں۔ ان رانیوں میں کچھ کی رانی مندرسے واپس نہیں لوٹی۔ سبھی راجاؤں کو تشویش ہوئی اور انھوں نے آکر اورنگ زیب کو رانی کے غائب ہوجانے کی اطلاع دی۔ اورنگ زیب نے فوراً ایک فوجی دستہ مندر روانہ کیا۔ تلاش کے دوران یہ حقیقت واضح ہوئی کہ مندر میں گنیش کا بت ایک حرکت کرنے والی دیوار سے منسلک تھا۔ اس بت کے ہٹنے سے زیر زمین سیڑھیاں نظر آئیں -جب یہ فوجی دستہ ان سیڑھیوں سے اترکر نیچے گیا تو اس نے رانی کو دیکھا کہ اس سے سارے زیور چھین لئے گئے تھے اور وہ بے عزت و پریشان حالت میں رو رہی تھی۔ اس سازش میں وشواناتھ مندر کے سبھی پجاری شامل تھے۔ راجاؤں کے مشورے پر اورنگ زیب نے ان سبھی پجاریوں کو سزا دی اور مندر کو ڈھادیا۔ راجاؤں کا کہنا تھا کہ پجاریوں کی اس غلط حرکت سے مندر ناپاک ہوگیا ہے۔ اورنگ زیب کے حکم سے اس مندر سے کچھ دوری پر ایک دوسرا مندر تعمیر کیا گیا جس میں بادشاہ نے ڈھیر سارے سونے کے زیورات بطور تحفہ مندر کو دیے۔ راجا ، اورنگ زیب کے اس عمل سے بہت زیادہ احسان مند ہوئے۔

اورنگ زیب کا پچاس سالہ دور ہندوستان کی تاریخ کا سنہرا دور کہلاتا ہے۔ انہوں نے کبھی کسی ہندو کو بہ زور طاقت مسلمان نہیں بنایا اور نہ امن کی حالت میں کسی ہندو کی جان لی۔ تاریخ ہند کے مشہور مصنف رام پرساد کھوسلہ لکھتے ہیں اورنگ زیب نے ملازمت کے لئے

سے عیش و عشرت کا ساز و سامان ہٹادیا۔ وہ سادہ کھاتے اور سادہ لباس پہنتے۔ وہ سرکاری خزانے سے ایک پائی بھی نہ لیتے تھے۔ اپنے ذاتی خرچ کے لئے ٹوپیاں سیتے اور قرآن کی کتابت کرتے تھے۔ ان کے ہاتھ کا لکھا ہوا قرآن آج بھی دکن کے ایک عجائب گھر میں موجود ہے۔ وہ حافظ قرآن اور عالم دین تھے۔ اورنگ زیب پہلے مغل بادشاہ تھے جن کو ولی کہا جاتا ہے۔



یہ 400 سال پرانا' اورنگ زیب کا لکھاہوا قرآن مجید ہے 1000 صفحات پر مشتمل اس قرآن کا وزن 13.5 کلوگرام ہے اس کا ہر صفحہ الگ الگ قسم کی خوشبوؤں میں بسایا گیا ہے اور اس سے آج بھی مہک آتی ہے۔ اس پر اورنگ زیبؒ کے دستخط بھی موجود ہیں۔

انہوں نے عوام اور ملک کی ترقی کے لئے بہت سے کام کئے۔ سرکاری خزانے کو غیر ضروری اور فضول تعمیرات پر خرچ کرنا انہیں سخت ناپسند تھا۔ اس کے بجائے انہوں نے سڑکوں کی تعمیر کی۔ مساجد ، کنویں ، پختہ مسافر خانے اور بازار بنوائے۔ ان کے اس عمل سے مسافروں کو آمدورفت کی سہولتیں ہوگئیں اور تجارت کو خوب ترقی ہوئی۔ جگہ جگہ غلّے کے لئے بڑے بڑے گودام تعمیر کئے تاکہ اناج کو سڑنے اور ضائع ہونے سے بچایا جاسکے اور قحط کے وقت غریبوں میں مفت تقسیم کیا جاسکے۔ روزمرہ کی کھانے پینے کی چیزوں سے محصول (ٹیکس) ہٹادیا گیا۔ اورنگ زیب کے حسنِ انتظام سے ہندوستان ، دنیا کے سب سے زیادہ دولت مند ملکوں میں سے ایک بن گیا۔

اورنگ زیب پر یہ الزام لگایا جاتا ہے کہ انھیں ہندو مذہب اور ہندو قوم سے شدید نفرت تھی۔ لیکن تاریخ سے یہ بات ثابت ہے کہ انہوں نے ہندوؤں اور سکھوں کے ساتھ جو رواداری اور انصاف کا مظاہرہ کیا وہ اپنی مثال آپ ہے۔

سب سے سنگین الزام جو اورنگ زیب پر لگایا جاتا ہے وہ واراناسی یعنی بنارس کے

بچو! کیا تم جانتے ہو یہ خدا ترس اور بہادر شہزادہ کون تھا؟ یہ کوئی اور نہیں بلکہ مغل شہنشاہ اورنگ زیب عالم گیرؒ تھے۔ اورنگ زیب 1618ء میں پیدا ہوئے۔ وہ صرف بہادر ہی نہیں بلکہ ایک انصاف پسندبادشاہ تھے۔ ہمہ وقت رعایا کی ترقی اور ملک کی خوش حالی کے لئے کوشاں رہتے تھے۔



مغل سلاطین کے زمانے میں عرصے سے رواج تھا کہ ہر صبح لوگ بادشاہ کے درشن کے لئے حاضر ہوتے اور بادشاہ کو علانیہ سجدہ کرتے تھے۔اورنگ زیب جب دربار میں آئے اور لوگوں کو تعظیم کے طور پر سجدہ کرتے ہوئے دیکھا تو سخت ناراض ہوئے اور کہا کہ سجدہ اللہ کے علاوہ کسی اور کے لئے جائز نہیں۔ انہوں نے سلام کرنے کے مسنون طریقے کو دوبارہ جاری کیا اور کہا کہ صرف السلام علیکم کہہ دینا کسی کے لئے سب سے بڑی تعظیم اور دعا ہے۔ انہوں نے اس کے علاوہ سماج کی بے شمار برائیوں کا خاتمہ کیا۔ جیسے شراب کے پینے اور بنانے پر پابندی عائد کی۔ جوے کا کھیلنا ممنوع قرار دیا۔ جھوٹی تعریف کرنے والے شاعروں ، ناچ گانے والوں کو دربار سے نکال دیا۔

مصوروں اور سنگ تراشوں کی شاہی سرپرستی بند کردی۔ ہندوستان میں ہندو سماج میں ایک بڑی برائی عام تھی کہ جب کسی عورت کا شوہر مرجاتا تو اس مردے کے ساتھ اس کی بیوی کو بھی جلادیتے تھے۔ ایسا کرنے کو ''ستی'' کہا جاتا ہے۔ اورنگ زیب نے ستی کو ختم کیا اور اس کے کرنے والوں کو سزائیں دیں جس سے یہ برائی تقریباً ختم ہوگئی۔

انہوں نے اتنے بڑے ملک کے شہنشاہ ہونے کے باوجود نہایت سادہ زندگی اپنائی۔دربار

# 16 عادل بادشاہ



بلخ میں عبدالعزیز خاں ایک مغل بادشاہ کے مقابلے میں ایک بھاری بھر کم فوج کے ساتھ حملہ آور ہوتا ہے گھمسان کی لڑائی چل رہی ہے، اسی درمیان نماز کا وقت ہوجاتا ہے۔ مقابل بادشاہ نہایت اطمینان سے گھوڑے سے اترتا ہے اور جنگ کے میدان میں ہی جماعت سے نماز شروع کردیتا ہے۔ عبدالعزیز خاں جب یہ خدا ترسی کا منظر دیکھتا ہے تو اس پر خوف طاری ہوجاتا ہے اور کہتا ہے۔ ایسے اللہ والے سے لڑنا خود کو برباد کرنا ہے۔ یہ کہہ کر وہ جنگ کے میدان سے اپنی فوجوں کو لے کر چلا جاتا ہے۔ اس طرح جنگ کے دوران نماز کا اہتمام کرنے والے اس بادشاہ کو فتح نصیب ہوتی ہے۔ یہ بادشاہ گھڑ سواری ، تلوار بازی اور تیر اندازی کا ماہر ہے۔ اپنی بہادری کے لئے مشہور ہے۔ اسی بادشاہ کے لڑکپن کا واقعہ ہے۔ ایک دفعہ وہ ہاتھیوں کی لڑائی کا تماشہ دیکھ رہا تھا اتنے میں ایک ہاتھی بے قابو ہوا اور تماشائیوں کا رخ کیا۔ دوسرا ہاتھی اس کے پیچھے بھاگا۔ تمام تماشائی بدحواس ہوکر ادھر اُدھر بھاگنے لگے۔ لیکن یہ نڈر شہزادہ خود گھوڑا لے کر ہاتھی کے مقابلے کے لئے سامنے آگیا۔ اتنے میں دوسرے فوجیوں نے ہاتھی کو زنجیروں سے باندھ کر روک دیا۔

بادشاہ نے شہزادے کی بہادری اور افراتفری کی حالت پر قابو پانے کا یہ منظر دیکھا تو وہ بہت خوش ہوا اور اس نے غریبوں میں ہیرے جواہرات تقسیم کئے۔

# فہرست



| سلسلہ نشان | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۔ | حمد (نظم) | ۱-۵ |
| ۲۔ | راز کی بات | ۶-۱۲ |
| ۳۔ | شمعِ توحید (نعت) | ۱۳-۱۸ |
| ۴۔ | زمین پر پہلا قدم | ۱۹-۲۲ |
| ۵۔ | ہمدردی (نظم) | ۲۳-۲۸ |
| ۶۔ | شاہی مہمان | ۲۹-۳۴ |
| ۷۔ | ہمارا وطن (نظم) | ۳۵-۳۸ |
| ۸۔ | گم شدہ ہار | ۳۹-۴۴ |
| ۹۔ | چراغِ ہدایت (نظم) | ۴۵-۵۰ |
| ۱۰۔ | آخر کہاں جائیں | ۵۱-۵۴ |
| ۱۱۔ | اٹلانٹک کا کسان | ۵۵-۶۰ |
| ۱۲۔ | دلوں کو ملانے کی باتیں کروں گا (نظم) | 66-61 |
| ۱۳۔ | کمسن عالم | 70-67 |
| ۱۴۔ | تاجدارِ مدینہ | 76-71 |
| ۱۵۔ | صبح کی آمد | 83-77 |
| ۱۶۔ | عادل بادشاہ | 88-84 |
| ۱۷۔ | اللہ تجھ پر رحم کرے | 95-89 |
| ۱۸ | ماں باپ کا کہا مانو (نظم) | 99- |
| ۱۹۔ | آزادی اور علماء کی قربانیاں | 106- |
| | | |

| نمبر شمار | نظم/سبق کا نام | سننے اور بولنے کی مشق | صحیح پڑھنے کی مشق | تحریری صلاحیت | ذخیرۂ الفاظ | قواعد Grammer | اقدار Values | آدابِ زندگی Life Skills |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 13. | کمسن عالم | صحیح جواب کی نشاندہی | سبق پڑھ کر الفاظ لکھنا | الفاظ کو جوڑ کر لکھنا | الفاظ و معانی | مستقل کلمہ کی قسمیں | اللہ کی رضا اور ناراضگی کو جان کر عمل کرنا | مقصد کا تعین Goal setting |
| 14. | تاجدارِ مدینہ | نبیوں کے واقعات اپنے الفاظ میں بیان کرنا | مرکب الفاظ | ہر حرف سے جملے بنانا | الفاظ کے واحد | جان دار اور بے جان اسموں کی تذکیر و تانیث | پیارے نبیؐ سے محبت کا جذبہ پیدا کرنا | سیرتِ طیبہ سے واقف کرانا |
| 15. | صبح کی آمد (نظم) | صحیح/غلط کی نشان دہی | مصرعہ کو مکمل کرنا | سوالات کے جوابات تحریر کرانا | جدول کی مدد سے الفاظ بنانا | مضمون نگاری Essay Writing | سحر خیزی کے فائدے | وقت کا صحیح استعمال Time Management |
| 16. | عادل بادشاہ | الفاظ و معانی | اقتباس | سوالیہ جملے بنانا | مذکر۔مؤنث | حکایت نگاری | بہادری انصاف پسندی سادگی | احساسِ ذمہ داری Sense of Responsibility |
| 17. | اللہ تجھ پر رحم کرے | الفاظ و معانی | صحیح یا غلط | خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھنا | الفاظ کی ضد | عبارت | گفتار میں نرمی | مؤثر ترسیلِ خیالات Effective communication |
| 18. | ماں باپ کا کہنا مانو (نظم) | والدین کی فرماں برداری سے متعلق کوئی واقعہ سنانا | اشعار پڑھ کر ترتیب دینا | مختصر مضمون (والدین سے متعلق) | الفاظ کی ضد | تصویر سے متعلق جملے بنانا | والدین کی فرماں برداری | بین شخصی روابط Interpersonal Relations |
| 19. | آزادی اور علماء کی قربانیاں | صحیح جواب کا انتخاب | جوڑ ملانا | مجاہدین کے بارے میں اپنے خیالات تحریر کرنا | الفاظ کی ضد | علاماتِ وقوف و رموز (Punctuations) | حب الوطنی | قومی یکجہتی National integrity |

| نمبر شمار | نظم/سبق کا نام | سننے اور بولنے کی مشق | صحیح پڑھنے کی مشق | تحریری صلاحیت | ذخیرۂ الفاظ | قواعد Grammer | اقدار Values | آدابِ زندگی Life Skills |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| .6 | شاہی مہمان | کہانی کو اپنے الفاظ میں بیان کرنا | جملے پڑھنا | جملے بنانا | واحد۔جمع | اسم علم<br>لقب | نماز کی پابندی<br>ریاکاری سے بچنا | کرداری سازی<br>Character Building |
| .7 | ہمارا وطن (نظم) | صحیح/غلط کی نشان دہی کرانا | غیر متعلق لفظ کے گرد دائرہ بنانا | تصویر کی مدد سے الفاظ لکھنا | الفاظ و معنی | خطاب<br>کنیت | حب الوطنی | تخلیقی نقطۂ نظر<br>Creative thinking |
| .8 | گم شدہ ہار | کہانی اپنے الفاظ میں بیان کرنا | الفاظ کی ترتیب درست کرنا | مذکر۔مؤنث | جدول | تخلص<br>عرف | دعا کی قبولیت کا راز<br>امانت داری | کردار سازی<br>Character Building |
| .9 | چراغِ ہدایت (نظم) | قرآن پاک سے متعلق معلومات | الفاظ و معنی | ضد<br>سوالات کے جوابات تحریر کرانا | حروف کو الگ کرنا | اسم خاص کی قسمیں | قرآن پاک کی تلاوت | کردار سازی<br>Character Building |
| .10 | آخر کہاں جائیں | تصویری کہانی | خالی جگہوں کو بھرنا | معنی لکھنا اور جملے بنانا | دوچشمی (ھ) کے الفاظ | فعل<br>اور اس کی قسمیں<br>(Verb) | بھیڑ بھاؤ سے پرہیز | تناؤ کا مقابلہ اور ثابت قدمی<br>Facing pressure & standing strong |
| .11 | اٹلانٹک کا کسان | صحیح اور غلط کی نشان دہی | الفاظ پڑھ کر تصویر سے جوڑنا | سوالات کے جوابات | مکمل لفظ بنانا | ماضی حال<br>مستقبل | وقت کی اہمیت | وقت کا صحیح استعمال<br>Time Management |
| .12 | دلوں کو ملانے کی باتیں کروں گا (نظم) | صحیح جواب کا انتخاب | اشعار کو مکمل کرنا | سوالات کے جوابات تحریر کرانا | واحد ۔ جمع | متعلق فعل<br>(Adverb) | کچھ بن کر دکھانے کا جذبہ<br>ارادوں کی بلندی<br>عزم کی پختگی | مقصد کا تعین<br>Goal Setting<br>خود شناسی<br>Self awareness |

# اسباق و مشقوں کی جدول بندی

## مقاصد و تصریحات

| نمبر شمار | نظم/سبق کا نام | سننے اور بولنے کی مشق | صحیح پڑھنے کی مشق | تحریری صلاحیت | ذخیرۂ الفاظ | قواعد Grammer | اقدار Values | آدابِ زندگی Life Skills |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| .1 | حمد (نظم) | اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کے بارے میں طلبہ سے گفتگو کرنا | حمد زبانی یاد کرانا | سوالات کے جوابات تحریر کرانا | الفاظ و معانی | اعادہ | اللہ کی تعریف اور اس کی کاری گری | تخلیقی نقطہ نظر اور رجحان (Creative Thinking) |
| .2 | راز کی بات | جوڑ ملانا | تصویر دیکھ کر جملہ مکمل کرنا | سوالات کے جوابات | الفاظ کی ضد | اعادہ | راز کی پاسداری | بین شخصی روابط Inter personal Relations |
| .3 | شمع توحید | حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت سے پہلے کے حالات سے واقف کرانا | بے ترتیب الفاظ کو ترتیب دینا | سوالات کے جوابات تحریر کرانا | واحد/جمع | اسم ذات<br>اسم کیفیت | حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کا جذبہ | سنتوں پر عمل کرنا<br>کردار سازی<br>Character Building |
| .4 | زمین پر پہلا قدم | الفاظ و معانی | جوڑ ملانا | الفاظ کے معنی اور جملے | دو، تین، چار اور پانچ حرفی الفاظ ڈھونڈنا | اسم آلہ<br>اسم ظرف | اللہ کی منع کی ہوئی چیزوں سے بچنا | پسندیدہ چیزوں کا انتخاب Facing Choices |
| .5 | ہمدردی (نظم) | نظم زبانی یاد کرانا | جدول | جدول | جملے | اسم جمع<br>اسم عام کی قسمیں | ہمدردی | یگانگت کا احساس<br>بین شخصی روابط<br>Empathy interpersonal relations |

SAMPLE COPY

ALIF LAAM MEEM
A PUBLICATION OF
MS RESEARCH FOUNDATION

# اردو سیکھیے

## حصہ ۴







ایم۔ایس۔ریسرچ فاؤنڈیشن کے ذریعہ تیار کردہ

برائے

ملت فاؤنڈیشن فار ایجوکیشن ریسرچ اینڈ ڈولپمنٹ

پیارے نبی ﷺ نے اس کو چھوڑ دیا۔ وہ اپنے ساتھیوں کے پاس آیا اور کہا میں ایک بہترین شخص کے پاس سے آیا ہوں۔ وہ رحم کرنے والے ہیں۔ ان کی عادت عمدہ ہے۔

پیارے بچو! ہمارے نبی ﷺ چاہتے تو قتل کر سکتے تھے لیکن آپ ﷺ نے اس کو معاف کردیا۔ معاف کرنا اچھی عادت ہے۔ اس سے دشمن بھی دوست ہوجاتا ہے۔

## مشقیں

### آؤ پڑھیں اور سمجھیں

**I- الفاظ و معانی**

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| استقبال | خیرمقدم ۔ آگے بڑھنا |
| تعمیر کرنا | عمارت بنانا |
| للکارنا | پکارنا |
| آہٹ | ہلکی آواز |
| خوف | ڈر |
| جٹنا | لگنا |

### آؤ پڑھیں اور لکھیں

**II- تحریری سوالات**

۱۔ حضرت محمد ﷺ مکہ سے کہاں تشریف لے گئے ؟

۲۔ حضرت محمد ﷺ کہاں آرام کررہے تھے ؟



۳۔ کافر نے تلوار اٹھاکر کیا کہا ؟

۴۔ پیارے نبی ﷺ نے کافر کی بات کا کیا جواب دیا ؟

۵۔ کافر نے کیا وعدہ کیا ؟

### آؤ سمجھیں اور لکھیں

**III- الفاظ کو جوڑ کر بامعنی لفظ بنایئے۔**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| خو | طا | دو | در | بد |
| ری | شی | خت | لہ | پہر |

### آؤ غور کریں اور سمجھیں

**IV دیے گئے الفاظ میں صحیح لفظ پر نشان لگایئے۔**

۱۔ پہلانا ☐ پھیلانا ☐

۲۔ پہاڑیوں ☐ پھاڑیوں ☐

۳۔ ساتہی ☐ ساتھی ☐

۴۔ جگہوں ☐ جگھوں ☐



۵۔ دوپھر ☐ دوپہر ☐

۶۔ ہات ☐ ہاتھ ☐

**V- خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے بھریے۔**

۱) مدینہ پہنچ کر آپ ﷺ نے ______ کی تعمیر کی۔

۲) پیارے نبی ﷺ اپنے ______ کے ساتھ سفر کر رہے تھے۔

۳) کافر نے درخت پر لٹکی ہوئی ______ اٹھائی۔

۴) ______ کا نام سُن کر کافر پر خوف طاری ہوا۔

۵) معاف کرنا اچھی ______ ہے۔

### قواعد - Grammar

## ضمیر - (Pronoun)

**مشق ۱** ان جملوں سے ایسے الفاظ چن کر لکھیے جو ضمیر (Pronoun) کے طور پر استعمال ہوئے ہوں۔

۱) آپ کا نام کیا ہے۔ ☐

۲) یہ میرا گھر ہے۔ ☐



۳) وہ لکھ رہی ہے۔ ☐


۴) اس نے نیک کام کیا۔ ☐

۵) ہم کھیل رہے تھے۔ ☐

**مشق ۲** مناسب جوڑ ملایئے۔

| | |
|---|---|
| میں | گاؤں خوب صورت ہے۔ |
| میرا | نے خط لکھا۔ |
| تم | کے گھر میں چار کمرے ہیں۔ |
| تمہارا | یہ پڑھ سکتی ہو۔ |
| ان | اسکول کہاں ہے ؟ |

آرام کرنے لگے ۔ آپ ﷺ کے ساتھی بھی الگ الگ جگہوں پر آرام کررہے تھے۔




آپ ﷺ اکیلے تھے۔ پاس میں کوئی نہیں تھا۔ اچانک آپ ﷺ کا دشمن پہاڑیوں سے نکل آیا۔ درخت پر لٹکی ہوئی تلوار اٹھائی۔ آہٹ پر حضرت محمد ﷺ کی آنکھ کھلی۔ کیا دیکھتے ہیں کہ ایک دشمن تلوار اٹھائے کھڑا ہے۔ اس نے للکار کر کہا، محمد! آج تمہیں مجھ سے کون بچاسکتا ہے؟ پیارے نبی ﷺ نے نہایت اطمینان سے جواب دیا۔ 'اللہ' !

اللہ کا نام سن کر اس پر ایسا خوف طاری ہوا کہ وہ تھرتھر کانپنے لگا اور تلوار اس کے ہاتھ سے چھوٹ گئی۔

اب تلوار پیارے نبی ﷺ کے ہاتھ میں تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا : بتا! اب تجھے مجھ سے کون بچائے گا؟ وہ اللہ کو نہیں مانتا تھا۔ اسے اپنی موت کا یقین ہوگیا۔ گھبراکر بولا: ''حضور کے رحم کے سوا کوئی نہیں بچاسکتا۔ آپ ﷺ اچھا سلوک کرنے والوں میں سے ہیں''۔ میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ آپ ﷺ سے کبھی جنگ نہیں کروں گا اور نہ ہی ان لوگوں کا ساتھ دوں گا جو آپ سے جنگ کریں گے۔

# ۱۱ آپ کو کون بچائے گا؟



پیارے نبی ﷺ اللہ کے حکم سے مکہ سے مدینہ تشریف لے گئے تو مدینہ کے لوگوں نے ہمارے نبی ﷺ کا شاندار استقبال کیا۔ چھوٹی لڑکیاں خوشی سے گیت گا رہی تھیں۔ مدینہ پہنچ کر آپ ﷺ نے ایک مسجد تعمیر کی جس کو مسجد نبوی کہا جاتا ہے۔
مدینہ میں رہ کر نبی ﷺ اور آپ کے صحابہ اسلام کو پھیلانے میں جٹ گئے۔

اسلام کو پھیلانے کے سلسلے میں آپ ﷺ اپنے ساتھیوں کے ساتھ الگ الگ جگہوں پر جایا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ پیارے نبی ﷺ اپنے ساتھیوں کے ساتھ



سفر کررہے تھے۔ چلتے چلتے دوپہر کا وقت ہوگیا۔ پیارے نبی ﷺ اور ان کے ساتھیوں نے آرام کرنے کا ارادہ کیا۔ پیارے آقا ایک درخت کے سایے میں ٹھہر گئے۔ آپ ﷺ نے اپنی تلوار درخت کی ڈالی پر لٹکائی اور وہیں

# فہرست


| سلسلہ نشان | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| (۱) | حروفِ تہجی<br>حُروفِ تہجی بے ترتیب | 1 - 24 |
| (۲) | حرکات ـــَـ ـــِـ ـــُـ | 25 - 28 |
| (۳) | ہائے مخلوط (ھ) بھ پھ | 29 - 32 |
| (۴) | الف ممدودہ (آ) | 33 - 35 |
| (۵) | دوحرفی الفاظ (بے جوڑ) | 36 - 39 |
| (۶) | تین حرفی الفاظ (بے جوڑ) | 40 - 43 |
| (۷) | چار حرفی الفاظ (بے جوڑ) | 44 - 46 |
| (۸) | حروف کی مختصر شکلیں<br>(حروف کے جز) | 47 - 51 |
| (۹) | دوحرفی الفاظ (جوڑ والے) | 52 - 57 |
| (۱۰) | تین حرفی الفاظ (جوڑ والے) | 58 - 61 |
| (۱۱) | چار حرفی الفاظ (جوڑ والے) | 62 - 63 |
| (۱۲) | تین اور چار حرفی الفاظ<br>جزوی جوڑ والے | 64 - 69 |
| (۱۳) | واؤ معروف (وٗ) | 70 - 72 |
| (۱۴) | واؤ مجہول (وُ) | 73 - 75 |
| (۱۵) | یائے معروف (ی) | 76 - 80 |
| (۱۶) | یائے مجہول (ے) | 81 - 83 |
| (۱۷) | نون غنہ (ں) | 84 - 87 |
| (۱۸) | تشدید ( ّ ) | 88 - 91 |
| (۱۹) | کھانے کی سنتیں (دسترخوان)<br>(نظم) | 92 - 94 |
| (۲۰) | اللّٰہ | 95 - 98 |
| (۲۱) | پیارے نبی ﷺ | 99 -101 |
| (۲۲) | سچ کا فائدہ | 102 -105 |

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۹ | دھوبی کا گدھا | مکالمہ | تصویروں کی مدد سے جملے مکمل کرنا | تحریری سوالات | ہائے مخلوط سے بننے والے الفاظ | اسم کی قسمیں مشق | حسد کا انجام | جذبات پر قابو (Coping with emotion) |
| ۱۰ | پھول اور خوشبو (نظم) | زبانی سوالات | جوڑ ملایئے | بے ترتیب الفاظ کو ترتیب وار لکھنا | حرف 'ز' کی مدد سے نئے الفاظ بنانا | ضمیر (Pronoun) تعریف۔مشق | حب الوطنی | یگانگت کا احساس بین شخصی روابط (Empathy) (Interpersonal Relations) |
| ۱۱ | آپ کو کون بچائے گا | صحیح یا غلط کی نشان دہی | خالی جگہوں کو بھرنا | تحریری سوالات | بامعنی لفظ بنانا | ضمیر (Pronoun) مشقیں | معاف کرنا سیرت طیبہ | کردار سازی (Character building) |
| ۱۲ | باغ والے | اس قصے کے پس منظر سے طلبہ کو واقف کرانا | الفاظ و معانی | خالی جگہوں کو پُر کرنا | صفت (Adjective) | صفت (Adjective) (مشق) | خدا کی راہ میں مال کا خرچ کرنا۔ ہر کام اللہ تعالیٰ کی مرضی سے ہوتا ہے | سخاوت (Generosity) |
| ۱۳ | اچھا بچہ (نظم) | زبانی سوالات | الفاظ پڑھ کر حروف کو الگ کرنا | مصرعوں کو مکمل کرنا | حرف 'د' سے الفاظ بنانا | صفت (Adjective) (مشق) | اچھی عادتیں | کردار سازی (Character building) |
| ۱۴ | نوحؑ کی کشتی | حضرت نوحؑ کا قصہ دلچسپ انداز میں سنانا اور طلبہ سے گفتگو کرنا | خالی جگہوں کو پُر کرنا | تحریری سوالات حروف کو الگ الگ لکھنا | الفاظ کے واحد لکھنا | صفت مشقیں | وحدانیت اللہ اور نبی کی نافرمانی کا انجام | کردار سازی (Character building) |
| ۱۵ | لنکا کے مسافر | صحیح یا غلط کی نشان دہی | الفاظ و معانی | جملے مکمل کرنا | "بے" سے جوڑ کر نئے الفاظ بنانا | فعل (Verb) | حرام سے پرہیز امیر کی نافرمانی سے بچنا | مسئلہ حل کرنا (Problem Solving) یگانگت کا احساس Empathy |
| ۱۶ | پیاری دادی جان (نظم) | مکالمہ | نظم زبانی یاد کرانا | الفاظ بنا کر لکھنا | حرف 'ن' کو جوڑ کر الفاظ بنانا | فعل Verb (مشق) | بڑوں کی عزت و احترام | بین شخصی روابط (Inter-personal relations) |
| ۱۷ | عقل مند وزیر | بچوں سے اس کہانی کے بارے میں گفتگو کریں۔ | صحیح یا غلط کی نشان دہی | تحریری سوالات | الفاظ کی ضد | علامات وقوف و رموز (Punctuations) | اپنی خامیوں پر نظر رکھنا خوشامدی سے بچنا | خودشناسی (Self Awareness) قوت فیصلہ (Decision Making) |
| ۱۸ | اپنی اپنی کرنی (نظم) | زبانی سوالات | نظم زبانی یاد کرانا | بامعنی الفاظ بنانا | الفاظ کی ضد | سوالیہ نشان (?)Qustion Mark علامات وقوف و رموز (Punctuations) (مشق) | اچھائی اور برائی کے بدلے کا یقین | خودشناسی (Self Awareness) وقت کا صحیح استعمال (Time Management) |

# Objectives & Specifications مقاصد و تصریحات

# اسباق و مشقوں کی جدول بندی


| نمبر شمار | سبق کا نام | سننے اور بولنے کی مشق | صحیح پڑھنے کی مشق | تحریری صلاحیت | ذخیرۂ الفاظ | قواعد Grammar | اقدار Values | آدابِ زندگی Life Skills |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | حمد (نظم) | زبانی سوالات | جوڑ ملایئے | خالی جگہوں کو مناسب لفظ سے پُر کرنا | حروف کو جوڑ کر الفاظ بنانا | واحد۔جمع Singular-plural | اللہ کی تعریف اور اس کی کاریگری | تخلیقی نقطہ نظر (Relative thinking) |
| ۲ | شیر اور بکری | مکالمہ | خالی جگہوں کو پُر کرنا | تحریری سوالات | صحیح لفظ پر دائرہ بنانا | مذکر اور مؤنث تعریف اور مشقیں | خود اعتمادی | قوتِ فیصلہ (Decesion Making) (Problem Solving) مسئلہ حل کرنا |
| ۳ | خوب صورت دن | طلبہ کے ذاتی تجربات پر گفتگو کریں | الفاظ و معانی | تحریری سوالات الفاظ کی جمع | حرف 'ڑ' کی مدد سے الفاظ بنانا | اضداد Opposites | دین میں دوسروں پر سبقت کا جذبہ | خودشناسی Self Awareness |
| ۴ | بارش آئی (نظم) | زبانی سوالات | الفاظ و معانی | حروف کو جوڑ کر الفاظ بنانا | ہم وزن الفاظ | اضداد Opposites | اللہ کی رحمت و قدرت بارش کی اہمیت | مؤثر ترسیل خیالات Effective Communication |
| ۵ | بہادر چیونٹی | مکالمہ | جملے مکمل کرنا | سوالات کے جوابات تصویروں کے نام | الفاظ و معانی جوڑ ملا کر مکمل لفظ لکھنا | جملہ سازی Sentence Formation | کسی کو حقیر نہ سمجھنا۔ ہمت، بہادری سے حالات کا مقابلہ کرنا | تناؤ کا مقابلہ اور ثابت قدمی (Facing Pressure & Standing Strong) |
| ۶ | یارِ غار | ضمیر کی نشان دہی | بلند خوانی | تحریری سوالات | الفاظ و معانی | اسم (Noun) تعریف۔اعادہ | سیرتِ طیبہ پیارے نبیؐ سے محبت کا جذبہ پیدا کرنا | قرابت داری کا لحاظ اور اس کی اہمیت (Building & valuing relationship) (Building Friendship) دوستی نبھانا |
| ۷ | علم کی روشنی (نظم) | زبانی سوالات | بلند خوانی صحیح یا غلط کی نشاندہی | ہم وزن الفاظ مصرعوں کو مکمل کرنا | الفاظ و معانی | اسم عام (Common Noun) | علم کی اہمیت | (Goal Setting) مقصد کا تعین |
| ۸ | مزدور کی اجرت | صحیح یا غلط کی نشان دہی | الفاظ و معانی | تحریری سوالات | الف کو جوڑ کر الفاظ بنانا | اسم خاص (Proper Noun) | امانت کی حفاظت ایمانداری | پسندیدہ چیزوں کا انتخاب (Facing Choices) احساس ذمہ داری (Sense of Responsibility) |

SAMPLE COPY

ALIF LAAM MEEM SERIES

# اردو سیکھیے

## حصہ ۳



ایم۔ایس۔ریسرچ فاؤنڈیشن کے ذریعہ تیار کردہ

برائے

ملت فاؤنڈیشن فار ایجوکیشن ریسرچ اینڈ ڈولپمنٹ

## مشقیں

### I- نئے الفاظ:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اناج | محنت | سُست | ترکیب | خزانہ |
| جلدبازی | فصل | تجارت | راضی | خوش حال |

### II- تحریری سوالات:

۱- کسان کا نام کیا تھا ؟

۲- کسان کے کتنے بیٹے تھے ؟

۳- جھوٹ بولنا کیسی عادت ہے ؟

۴- کسان اور اس کے بیٹوں نے کیا دُعا مانگی ؟

۵- تجارت سے کسان کے بیٹوں کو کیا ملا ؟

### III- ان الفاظ کے حروف کو الگ الگ لکھیے۔

عادت = .......... + .......... + .......... + ..........

اناج = .......... + .......... + .......... + ..........

کسان = .......... + .......... + .......... + ..........

زمین = .......... + .......... + .......... + ..........

بارش = .......... + .......... + .......... + ..........





### IV - تصویروں کو دیکھ کر ان کے نام نیچے دی گئی جگہ پر لکھیے۔














### V- خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پر کیجیے۔

۱- بیٹے .............. نکالنے پر راضی ہو گئے۔ ( خزانہ / پانی )

۲- زمین میں .............. اگنے لگے۔ ( پودے / درخت )

۳- تینوں نہایت سست اور .............. تھے۔ ( کام چور / کاہل )

۴- اس تجارت سے انھیں بہت .............. ملا۔ ( اشرفیاں / روپیہ پیسہ )

۵- تھیلوں میں بھر کر بیچا .............. ۔ ( اناج / پھل )





### قواعد (Grammar)

دیے گئے جملوں میں ضمیر کی نشاندہی کرتے ہوئے زیریں خط (نیچے لائن) کھینچیں۔

۱- اس نے میری کتاب لی۔

۲- میرا گھر دور ہے۔

۳- وہ دوڑ رہے تھے۔

۴- یہ اس کا قلم ہے۔

۵- تم یہ لے لو۔

۶- میں جا رہا تھا۔

۷- اسے یہ دے دو۔

۸- انہیں دعا دو۔

۹- آپ نے ٹھیک کہا۔


۱۰- تمہارا کام یہ ہے۔



اور بارش کی دُعا کی۔

اللہ نے ان کی دُعا قبول کی اور خوب بارش ہوئی۔ کچھ ہی دنوں میں زمین میں پودے اُگنے لگے اور فصل تیار ہوگئی اور اس میں خوب اناج نکلا ۔

والد نے کہا اناج تھیلوں میں بھرو اور شہر لے جا کر بیچو۔اس تجارت سے انہیں بہت روپیہ پیسہ ملا ۔ بیٹے پیسہ لے کر باپ کے پاس آئے۔



باپ نے اپنے بیٹوں سے کہا۔ دیکھو یہ وہی خزانہ ہے جس کے بارے میں میں نے تم سے کہا تھا۔

**پیارے بچو!** جب کوئی محنت کرتا ہے تو اللہ تعالٰی کی طرف سے اس کا پھل ضرور ملتا ہے۔

وہ گھر آئے اور والد سے کہا کہ آپ نے ہم سے جھوٹ بولا

تو والد نے کہا پیارے بیٹو! میں جھوٹ کیسے بول سکتا ہوں۔ جھوٹ بولنا تو



بہت بُری اور گندی عادت ہے

اور مسلمان کبھی جھوٹا نہیں ہوتا۔

میں نے تم سے سچ کہا تھا کہ

اس میں خزانہ ہے۔ لیکن تم

جلد بازی کررہے ہو۔ جلدی کا

کام شیطان کا ہوتا ہے۔

تم وہ کرو جو میں تمھیں بتاتا ہوں۔ یہ بیج لو اور زمین میں ڈال

دو۔ سب بیٹوں نے مل کر بیج زمین میں بو دیے۔ اس کے بعدکسان نے



کہا۔ آؤ اب وضو کریں اور

نماز پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا

کریں کہ اللہ بارش برسادے ۔

سب نے وضو کیا۔ نماز پڑھی

بیٹے تھے۔ تینوں نہایت سست اور کام چور تھے۔ وہ کام کاج میں باپ کی مدد نہیں کرتے تھے۔ اس لیے احمد بہت پریشان رہتا تھا۔

آخر بہت سوچنے کے بعد احمد کے ذہن میں ایک ترکیب آئی۔



اس نے اپنے بیٹوں کو جمع کیا اور ان سے کہا پیارے بیٹو!...... ہماری زمین کے اندر ایک خزانہ چھپا ہوا ہے اور میں اُسے نکالنا چاہتا ہوں۔ لیکن میں بوڑھا ہوگیا ہوں اور اکیلا یہ کام نہیں کرسکتا۔

اگر تم میرا ساتھ دو تو ہم یہ کام مل کر کرلیں۔ پھر ہم سب خوش حال ہوجائیں گے۔ تینوں بیٹے خزانہ نکالنے پر راضی ہو گئے ۔ انہوں



نے ساری زمین کھود ڈالی ۔ لیکن ان کو خزانہ نہیں ملا۔ بیٹوں کو بڑا غصّہ آیا ۔

# ۱۵
# چھپا خزانہ



ہم سب جانتے ہیں کہ اللہ پاک ہمارے کھانے پینے کی ساری چیزیں زمین سے اُگاتے ہیں جیسے اناج پھل وغیرہ۔ انسان زمین کھودتا ہے اس میں بیج ڈالتا ہے اور پانی دیتا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ اس زمین سے اناج اور پھل اُگاتے ہیں۔ جو شخص زمین پر محنت کرتا ہے اس میں بیج ڈالتا ہے اُسے کسان کہتے ہیں۔

یہ کہانی بھی ایک کسان کی ہے۔ اس کا نام احمد تھا۔ احمد کے تین

# فہرست


| سبق نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| (۱) | حمد | 1 - 3 |
| (۲) | چالاک مینا | 4 - 9 |
| (۳) | نعت | 10 - 13 |
| (۴) | جلد بازی کا انجام | 14 - 19 |
| (۵) | محنت کر (نظم) | 20 - 23 |
| (۶) | محمد بن عبد اللہ ﷺ | 24 - 30 |
| (۷) | قیمتی موتی | 31 - 37 |
| (۸) | پھول (نظم) | 38 - 41 |
| (۹) | آگ اور باغ | 42 - 47 |
| (۱۰) | نعمت کی قدر | 48 - 53 |
| (۱۱) | نوکر سے معافی | 54 - 59 |
| (۱۲) | جگنو (نظم) | 60 - 65 |
| (۱۳) | بہادر بادشاہ | 64- 68 |
| (۱۴) | گیدڑ کی مکاری | 69 - 75 |
| (۱۵) | چھپا خزانہ | 76 - 82 |
| (۱۶) | نابینا کی دانائی | 83 - 88 |
| (۱۷) | آؤ نام کریں (نظم) | 89 - 92 |
| (۱۸) | مقدس مقامات | 93 - 97 |
| (۱۹) | دعا | 98 - 100 |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۰ | نعمت کی قدر | زبانی سوالات | صحیح تلفظ کی مشق | مناسب حروف لکھ کر لفظ کو مکمل کرنا | حروف کو جوڑ کر الفاظ لکھنا | واحد اور جمع کا فرق | اللہ کا شکر ادا کرنا |
| ۱۱ | نوکر سے معافی | زبانی وتفہیمی سوالات | حروف شناسی | حروف کو پہچان کر لفظ مکمل کرنا | صحیح یا غلط کی نشان دہی | فعل۔<br>تعریف۔مثالیں | اخلاقی تربیت |
| ۱۲ | جگنو | درست تلفظ کے ساتھ الفاظ کی ادائیگی | ترنم سے پڑھنا | ہم وزن الفاظ سے واقفیت | صحیح لفظ لکھنے کی مشق | جملہ<br>تعریف۔مثالیں | اللہ کی بڑائی |
| ۱۳ | بہادر بادشاہ | زبانی سوالات | انفرادی بلند خوانی | نئے الفاظ کا جملوں میں استعمال | حرفوں کو الگ الگ کر کے لکھنا | جملہ سازی | اللہ پر بھروسہ |
| ۱۴ | گیدڑ کی مکاری | زبانی سوالات | تصاویر کے ذریعے جملے پڑھنا | تصویروں کی شناخت | سوالات کے جوابات ایک لفظ میں لکھنا | ضمیر<br>تعریف۔مثالیں | مدد کرنا۔معاف کر دینا |
| ۱۵ | چھپا خزانہ | طلباء کو مافی الضمیر کا موقعہ دینا | خاموش خوانی | الفاظ کی نشان دہی۔اور مفہوم | تصویروں کے نام لکھنا | ضمیر<br>نشان دہی | اللہ کی بے شمار نعمتوں کا ذکر |
| ۱۶ | نابینا کی دانائی | صحیح لب ولہجہ، معنی ومفہوم سے واقفیت | حروف شناسی | نئے الفاظ کے معنی جملوں میں استعمال | بے ترتیب الفاظ کو ترتیب دینا | اسم اور ضمیر کا فرق | گفتگو کے آداب |
| ۱۷ | آؤ نام کریں | زبانی سوالات | ترنم۔زبانی یاد کرنا | نئے الفاظ کے معنی | تحریری صلاحیتوں میں مہارت | مذکر اور مؤنث کا تعارف | تخلیقی قوت کی نشوونما |
| ۱۸ | مقدس مقامات | مقدس مقامات کے تجربات۔زبانی سوالات | نئے الفاظ کو تلفظ کے ساتھ پڑھنا | نئے الفاظ کا جملوں میں استعمال | الفاظ کے حروف کو الگ الگ کر کے لکھنا | مذکر، مؤنث کا فرق | زیارت کا شوق<br>عبادت کی اہمیت |
| ۱۹ | دعا | اشعار کا مطلب بتانا | نظم ترنم سے پڑھنا سکھانا | نئے الفاظ کے معنی سے واقف کرانا | جوابات ایک لفظ میں لکھنا | نظم زبانی یاد کرائیں | دعا کے آداب سکھانا |

# Objectives & Specifications/مقاصد وتصریحات

## اسباق ومشقوں کی جدول بندی

| نمبرشمار | عنوان | سننے اور بولنے کی مشق | صحیح پڑھنے کی مشق | ذخیرہ الفاظ | لکھنے کی مشق | قواعد | اقدار |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | حمد | اشعار کی تشریح | صحیح تلفظ۔ترنم | نئے الفاظ کے معنی | ہم وزن الفاظ کی شناخت | حروف تہجی (اعادہ) | اللہ کی تعریف |
| ۲ | چالاک مینا | زبانی سوالات | درست تلفظ اور روانی سے پڑھنے کی مشق | نئے الفاظ کے معنی ۔ تصویروں کے نام پوچھنا | املا۔تصویروں کی شناخت | حروف علت اور حروف صحیح کی تعریف اور فرق | مصیبت میں ہمت، بہادری دانشمندی کی ترغیب |
| ۳ | نعت | اشعار کی تشریح | ترنم سے پڑھنا | نئے الفاظ کے صحیح تلفظ اور معنوں سے واقفیت | مناسب حروف لکھ کر جملے مکمل کرنا | نقطے اور بغیر نقطے والے حروف | حضورؐ کی تعریف اور عظمت |
| ۴ | جلد بازی کا انجام | طلباء کو مافی الضمیر کے اظہار کا موقع | انفرادی صحیح تلفظ کی مشق | نئے الفاظ کے معنی اور جملوں میں استعمال | حروف کو جوڑ کر لکھنے کی مشق | حروف منقوطہ اور غیر منقوطہ کی شناخت | غصہ سے پرہیز |
| ۵ | محنت کر (نظم) | اشعار کی تشریح | ترنم سے پڑھنے کی مشق | نئے الفاظ کا تلفظ سے واقفیت | بامعنی لفظ حروف کی شناخت | لفظ (Word) کی تعریف | محنت کی اہمیت |
| ۶ | محمد بن عبد اللہ ﷺ | درود پڑھنے کی ترغیب | روانی اور تلفظ | نئے الفاظ کا جملوں میں استعمال | الفاظ لکھنے کی مشق | اسم کی تعریف | حضورؐ کی سنتوں پر عمل |
| ۷ | قیمتی موتی | زبانی سوالات | انفرادی بلند خوانی | تین حرفی الفاظ کی شناخت | املا درست کرنا | اسم کی مثالیں | والدین کی فرمانبرداری |
| ۸ | پھول ۔(نظم) | زبانی سوالات | نظم زبانی یاد کرنا | نئے الفاظ کے معنی مطلب اور جملوں میں استعمال | حروف کو جوڑ کر الفاظ لکھنا۔ مشق | اسم<br>ذہنی آزمائش | خدا کی قدرت |
| ۹ | آگ اور باغ | زبانی سوالات | نئے الفاظ کو صحیح تلفظ سے پڑھنے کی مشق | پیغمبروں کے نام سے واقفیت | الفاظ کو ترتیب دے کر جملے لکھنا | واحد اور جمع کا تعارف تصویروں کے ذریعے | اللہ پر بھروسہ۔ معجزات |

SAMPLE COPY

ALIF LAAM MEEM SERIES



# اردو سیکھیے

## حصہ دوم

دوسرا ایڈیشن



ایم۔ایس۔ریسرچ فاؤنڈیشن کے ذریعہ تیار کردہ

برائے

ملت فاؤنڈیشن فار ایجوکیشن ریسرچ اینڈ ڈولپمنٹ

## زیر ـِـ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِ | بِ | پِ | تِ | ٹِ | ثِ | جِ | چِ | حِ | خِ |
| دِ | ڈِ | ذِ | رِ | ڑِ | زِ | ژِ | سِ | شِ | صِ |
| ضِ | طِ | ظِ | عِ | غِ | فِ | قِ | کِ | گِ | لِ |
| مِ | نِ | وِ | ہِ | ھِ | ءِ | یِ | ےِ | | |

## پیش ـُـ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُ | بُ | پُ | تُ | ٹُ | ثُ | جُ | چُ | حُ | خُ |
| دُ | ڈُ | ذُ | رُ | ڑُ | زُ | ژُ | سُ | شُ | صُ |
| ضُ | طُ | ظُ | عُ | غُ | فُ | قُ | کُ | گُ | لُ |
| مُ | نُ | وُ | ہُ | ھُ | ءُ | یُ | ےُ | | |





## مشقیں

(الف) زبر ـَـ ، زیر ـِـ اور پیش ـُـ کی مشق کریں۔

(۱) ان حروف پر زبر ـَـ لگائیں

ا ب پ ت ٹ ث ج چ

ح خ د ڈ ذ ر ڑ ز

(۲) ان حروف پر زیر ـِـ لگائیں

ژ س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق

(۳) ان حروف پر پیش ـُـ لگائیں

ک گ ل م ن و ہ ھ ء ی ے







(ب) دیے گئے حروفِ تہجی پر حرکات لگائیے۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَ | اِ | اُ | ب | ب | ب | پ | پ | پ |
| ت | ت | ت | ٹ | ٹ | ٹ | ث | ث | ث |
| ج | ج | ج | چ | چ | چ | ح | ح | ح |
| خ | خ | خ | د | د | د | ڈ | ڈ | ڈ |
| ذ | ذ | ذ | ر | ر | ر | ڑ | ڑ | ڑ |
| ز | ز | ز | ژ | ژ | ژ | س | س | س |
| ش | ش | ش | ص | ص | ص | ض | ض | ض |
| ط | ط | ط | ظ | ظ | ظ | ع | ع | ع |
| غ | غ | غ | ف | ف | ف | ق | ق | ق |
| ک | ک | ک | گ | گ | گ | ل | ل | ل |
| م | م | م | ن | ن | ن | و | و | و |
| ہ | ہ | ہ | ھ | ھ | ھ | ء | ء | ء |
| ی | ی | ی | ے | ے | ے | | | |

سبق 2

# حرکات

| زبر | ....َ |
|---|---|

| زیر | ....ِ |
|---|---|

| پیش | ....ُ |
|---|---|

## کہانی برائے حرکات

عادل ایک ہونہار بچہ ہے۔ وہ اسکول پابندی سے جاتا ہے۔ اس کی کلاس کی استانی نے سب سے پہلے اللہ کی تعریف بیان کی۔ طلبہ نے غور سے سنا۔ اس کے بعد استانی نے بچوں کو ایک بورڈ پر زبر، زیر اور پیش کے استعمال کا طریقہ بتایا اور اس کی مشق کرائی۔ 'ا' سے 'ے' تک حروف تہجی پر حرکات لگا کر انہیں تلفّظ کی ادائےگی سکھائی۔ عادل نے بڑی توجہ سے استانی کی ہدایت سنی اور گھر آ کر 'زبر' 'زیر' اور 'پیش' کی مشق کی اور بڑی دلچسپی کے ساتھ سبق یاد کیا۔

## ہدایت برائے اساتذہ

...َ ...ِ ...ُ کو حرکات کہتے ہیں۔ صحیح تلفظ کی ادائےگی کے لیے حرکات کا جاننا ضروری ہے۔

## زبر َ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَ | بَ | پَ | تَ | ٹَ | ثَ | جَ | چَ | حَ |
| خَ | دَ | ڈَ | ذَ | رَ | ڑَ | زَ | ژَ | سَ |
| شَ | صَ | ضَ | طَ | ظَ | عَ | غَ | فَ | قَ |
| کَ | گَ | لَ | مَ | نَ | وَ | ہَ | ھَ | ءَ |
| | | | | یَ | ےَ | | | |

# فہرست


| سلسلہ نشان | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| (۱) | حروفِ تہجی<br>حُروفِ تہجی بے ترتیب | 1 - 24 |
| (۲) | حرکات ---َ ---ِ ---ُ | 25 - 28 |
| (۳) | ہائے مخلوط (ھ) بھ پھ | 29 - 32 |
| (۴) | الف ممدودہ (آ) | 33 - 35 |
| (۵) | دوحرفی الفاظ (بے جوڑ) | 36 - 39 |
| (۶) | تین حرفی الفاظ (بے جوڑ) | 40 - 43 |
| (۷) | چار حرفی الفاظ (بے جوڑ) | 44 - 46 |
| (۸) | حروف کی مختصر شکلیں<br>(حروف کے جز) | 47 - 51 |
| (۹) | دوحرفی الفاظ (جوڑ والے) | 52 - 57 |
| (۱۰) | تین حرفی الفاظ (جوڑ والے) | 58 - 61 |
| (۱۱) | چار حرفی الفاظ (جوڑ والے) | 62 - 63 |
| (۱۲) | تین اور چار حرفی الفاظ<br>جزوی جوڑ والے | 64 - 69 |
| (۱۳) | واؤ معروف (وٗ) | 70 - 72 |
| (۱۴) | واؤ مجہول (وٗ) | 73 - 75 |
| (۱۵) | یائے معروف (ی) | 76 - 80 |
| (۱۶) | یائے مجہول (ے) | 81 - 83 |
| (۱۷) | نون غنہ (ں) | 84 - 87 |
| (۱۸) | تشدید ( ّ ) | 88 - 91 |
| (۱۹) | کھانے کی سنتیں (دسترخوان)<br>(نظم) | 92 - 94 |
| (۲۰) | اللّٰہ | 95 - 98 |
| (۲۱) | پیارے نبی ﷺ | 99 -101 |
| (۲۲) | سچ کا فائدہ | 102 -105 |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲ | تین اور چار حرفی (جزوی جوڑ والے) | مشکل تلفظ کی مشق | انفرادی طور پر بچوں سے الفاظ کی ادائے گی | مشکل الفاظ کی وضاحت مثال کے ذریعہ | الفاظ کا فرق | زبان کا صحیح استعمال |
| ۱۳ | واوٴ معروف (وٗ) | آواز لمبی ہوتی ہے اور ہونٹ گول ہوتے ہیں۔ مشق | تصاویر کی مدد سے شناخت | الفاظ جوڑنا | حروف کو دوسرے حروف کے ساتھ جوڑ کر لکھنا | جھوٹ بُری عادت ہے |
| ۱۴ | واوٴ مجہول (وٗ) | آواز مختصر ہوتی ہے۔ مشق | تصاویر کی مدد سے شناخت | الفاظ جوڑنا | حروف کو دوسرے حروف کے ساتھ جوڑ کر لکھنا | جھوٹ سے بچیں |
| ۱۵ | یائے معروف (ی) | آواز نیچے کھینچ کر بولنے کی مشق | حروف کو جوڑ کر الفاظ پڑھنے کی مشق | (ی) الفاظ کے درمیان اور آخر کے تلفظ کی مشق | (ی) کو دوسرے حروف کے ساتھ جوڑنا | پڑھائی کی اہمیت |
| ۱۶ | یائے مجہول (ے) | حرف جب کسی لفظ کے آخر میں آتا ہے تو کھینچ کر اور بیچ میں آتا ہے تو پھیلا کر پڑھا جاتا ہے | (ے) کو جوڑ کر نئے الفاظ پڑھنے کی مشق | (ے) کی شناخت | (ے) حروف کو دوسرے حرف کے ساتھ جوڑنے کی مشق | باادب بچے سب کے پسندیدہ |
| ۱۷ | نون غنہ (ں) | شکل کی شناخت۔ تلفظ کی مشق تصاویر کی مدد سے | تصاویر کی مدد سے نشان دہی | نون غنہ (ں) اور نون (ن) کا فرق | نون غنہ کو دوسرے حرف کے ساتھ جوڑ کر پڑھنا | بدن کی صفائی |
| ۱۸ | تشدید ( ّ ) | مشدد حروف کے تلفظ کی مشق | تشدید کی پہچان | الفاظ کا فرق۔ شناخت | مشدد حروف لکھنے کی مشق | اچھا بچہ غصہ نہیں کرتا |
| ۱۹ | کھانے کی سنتیں (نظم) | بچوں کو اشعار زبانی یاد کرانا' اور دو دو چار چار اشعار سننا۔ | تلفظ کی درستگی کا خیال رکھنا ایک ایک سنت کو بار بار پوچھنا۔ | نئے الفاظ کو سمجھانا۔ | نظم کو بچوں سے دیکھ کر لکھنے کی مشق کرانا۔ | سنت کے ساتھ کھانا کھانے کی اہمیت بتانا۔ |
| ۲۰ | اللہ | اللہ تعالیٰ کی قدرت سے واقفیت | قدرتی چیزوں کے نام | مشکل الفاظ کی وضاحت | اللہ کی پیدا کی ہوئی بڑی چیزیں۔ لکھنے کی مشق | اللہ ہر چیز پر قادر ہے |
| ۲۱ | پیارے نبیؐ | سیرت طیبہ کی معلومات | انبیاء کے نام کے صحیح تلفظ پر زور | مشکل اور نئے الفاظ کی وضاحت | مشکل الفاظ کی مشق | نبیؐ کی عظمت اور محبت |
| ۲۲ | سچ کا فائدہ | کہانی کی سچائی | تلفظ درست کرنے کی مشق | نئے الفاظ کی وضاحت | مشکل الفاظ اور جملے لکھنے کی مشق | سچ بولنے کی ترغیب |

# مقاصد و تصریحات Objectives & Specifications

## اسباق و مشقوں کی جدول بندی

| نمبر شمار | عنوان | سننے اور بولنے کی مشق | صحیح پڑھنے کی مشق | ذخیرہ الفاظ | لکھنے کی مشق | اقدار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | حروفِ تہجی | صحیح الفاظ کی ادائیگی۔ اسے اللہ کو پہچان نظم کے ذریعہ تلفظ درست کرنے کی مشق | ہم شکل حروف کی شناخت | تصاویر کے ذریعے حروف کی پہچان | حروفِ تہجی۔مشق | اردو ہماری مادری زبان ہے اچھے اخلاق کا مظاہرہ |
| ۲ | حرکات | بلند خوانی سے درست تلفظ کی مشق | حرکات کی علامت کے مقام سے واقفیت | صحیح تلفظ کی درستگی | حرکات کی مشق | اردو کے اچھے الفاظ کا استعمال |
| ۳ | ہائے مخلوط حروف دوچشمی 'ھ' | بلند خوانی سے درست تلفظ کی مشق | بھ، پھ مفرد لفظ۔مشق | ہائے مخلوط حروف کا تلفظ | ہائے مخلوط حروف کو جوڑ کر لکھنے کی مشق | استاد کی اہمیت |
| ۴ | الف ممدودہ (آ) | مد (˜) کی شناخت | الف ممدودہ کی آواز | الف ممدودہ سے بننے والے الفاظ | (آ) کو دوسرے حروف کے ساتھ جوڑنا | 'آپ' سے بات کرنا |
| ۵ | دوحرفی الفاظ (بے جوڑ) | حرکات کے ذریعہ سے حروفوں کی مشق | سادہ جملے بنانا | دوحرفی الفاظ پڑھنے کی مشق | لکھنے کی مشق | کتاب کی اہمیت |
| ۶ | تین حرفی (بے جوڑ) | حرکات کی مدد سے تلفظ کی مشق | تین حرفی بے جوڑ الفاظ کی مشق جدول سے | دوحرفی الفاظ کے ذریعہ تین حرفی الفاظ کی مشق | حروفِ تہجی سے نئے الفاظ کی مشق | دوا میں شفا اللہ کی طرف سے ہے |
| ۷ | چار حرفی (بے جوڑ) | حرکات کے ذریعہ چار حرفی الفاظ کی مشق | حروف کو حرکات کی مدد سے جوڑ کر پڑھنا | الگ الگ حروف کی مدد سے نئے الفاظ بنانا | چار حرفی الفاظ دیکھ کر لکھنے کی مشق کرانا | اذان کا احترام |
| ۸ | حروف کی مختلف شکلیں (حروف کے جز) | حروف کی مختصر شکلوں کی تصاویر کے ذریعہ شناخت | حروف اور اس کی شکل کو جوڑ کر پڑھنا | وہ حروف جن کی مختصر شکلیں نہیں ہے اور وہ حروف جن کی مختصر شکلیں ہیں دونوں کا فرق | حروف کی مختصر شکل کے ذریعہ الفاظ بنانے کی مشق | پھل صحت بخش غذا |
| ۹ | دوحرفی الفاظ (جوڑ والے) | تصاویر کی مدد سے دوحرفی الفاظ بولنے کی مشق | الفاظ اور جملے پڑھاتے وقت بچوں سے حروف پوچھنا | مختلف شکلوں کے جوڑ کا لفظوں میں استعمال | دوحرفی الفاظ جوڑ کر لکھنے کی مشق | ضد کرنا بُری بات ہے |
| ۱۰ | تین حرفی الفاظ (جوڑ والے) | تصاویر کی مدد سے جملے بولنے کی مشق | جملے پڑھنا | حروف کو جوڑ کر نئے الفاظ بنانا۔ | الفاظ کی مشق حروف کے جز کی مدد سے | صحت کی حفاظت |
| ۱۱ | چار حرفی الفاظ (جوڑ والے) | بلند اور واضح الفاظ کی ادائے گی | بلند آواز سے پڑھنے پر زور | نئے لفظ کی وضاحت | چار حروف کو جوڑنا | اپنے اطراف کی صفائی پر توجہ |

SAMPLE COPY

ALIF LAAM MEEM
SERIES

# اردو سیکھیے

## حصہ اول

تیسرا ایڈیشن



ایم۔ایس۔ریسرچ فاؤنڈیشن کے ذریعہ تیار کردہ

برائے

ملت فاؤنڈیشن فار ایجوکیشن ریسرچ اینڈ ڈولپمنٹ

## اکتسابی نتائج

ایم۔ایس۔ریسرچ فاؤنڈیشن کے ذریعہ تیار کی گئی اردو نصابی کتابیں پہلی، دوسری اور تیسری جماعتوں کے لئے عہد حاضر کے عصری تقاضوں کو مد نظر رکھتے ہوئے نیز اسلامی تعلیم کی شمولیت کے ساتھ پیش کی جارہی ہیں۔ خاندان اور سماج کی بہت سی توقعات بچے سے وابستہ ہوتی ہیں اور یہ اُسی وقت شرمندۂ تعبیر ہوں گی، جب کہ انفرادی اور سماجی زندگی کے تناظر میں بچوں کی اہمیت و معنویت اور ان کے حقوق کو سمجھنے کی کوشش کی جائے اور ایسی پرورش و نگہداشت کی جائے جو اخلاقی اور اسلامی تعلیم و تربیت کے تقاضوں کو پورا کرنے میں مددگار بنے' کیونکہ علم نافع کا حصول صرف فرض ہی نہیں بلکہ یہ دنیاوی اور اخروی کامیابی کا ضامن بھی ہے۔ یہ ایک ایسا مفید نصاب ہے جو علم نافع کی تدریس کے ساتھ شخصیت کے نکھار میں بھی ممد و معاون ثابت ہوگا۔

## اہم نکات حسب ذیل ہیں۔

- سننے، بولنے، پڑھنے، لکھنے کی مہارتوں سے واقف کرنا۔
- طلبہ میں قواعد کے ذریعہ زبان کے صحیح استعمال کا شعور پیدا کرنا
- نظموں کے ذریعہ خوش الحانی کو فروغ دینا۔
- رب شناسی اور عقیدہ کو پختہ کرنا۔
- سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وسلم سے واقفیت فراہم کرانا۔
- قرآن و حدیث کی تعلیم کو عام کرنا۔
- اسلامی تعلیم کے ذریعہ طلبہ کو تہذیبی اور تمدنی ورثہ کا امین بنانے کی کوشش کرنا۔
- نظم و نسق پیدا کرنا۔
- قومی یکجہتی اور حب الوطنی کے جذبہ کو فروغ دینا۔

# دیباچہ

## اصلاحِ نصاب کی اشد ضرورت

آج جب ہم تعلیمی اداروں کا جائزہ لیتے ہیں خواہ وہ سرکاری ہوں، نیم سرکاری ہوں، غیر سرکاری یا غیر ملکی ان میں رائج کتابیں کس طرح کے لوگوں کی تیار کردہ ہیں۔ وہ کسی اہل نظر سے مخفی نہیں۔ ظاہر ہے یہ کتابیں بیشتر غیر مسلم ماہرین کی لکھی ہوئی ہیں اور ایسی تہذیب کی عکاسی کرتی ہیں، ایسی باتیں ذہن نشیں کراتی ہیں اور ایسے باطل عقائد کو معصوم اذہان میں راسخ کرتی ہیں جس سے عمر بھر نجات اور خلاصی محال ہے۔ یہ کتابیں ہماری شناخت کو دھندلا اور اوجھل کرتی ہیں بسا اوقات دین سے بیزاری کا سبب بنتی ہیں۔ پھر بھی سبھی ادارے اس نصاب کو چلانے پر مجبور ہیں۔ اساتذہ اور والدین اس نصاب میں ایسی باتیں دیکھتے اور پڑھتے ہیں جو بچے کے ذہن کو کائنات کی تخلیق کے سلسلہ میں بجائے روشن اور منور کرنے کے ظلمتوں اور گمراہیوں میں دھکیلتی ہیں۔ یہ باتیں بچے کے عقیدے کو متزلزل کرنے کے لئے کافی ہیں۔ ان سبھی امور کے پیش نظر ایم۔ ایس کا مقصد ایسا نصاب تیار کرنا ہے جو تمام مطلوبہ مضامین کی تسلی بخش تعلیم بھی دے سکے اور بچوں کی زبان آموزی کا مقصد تلف نہ ہو۔ بچے کا ذہن ان نقوش پر پروان چڑھے کہ کائنات اور کائنات کی ہر چیز کا خالق اور مالک صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ ہر چیز میں اسی کی حکمرانی ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی سارے عالم کے انسانوں کے لئے بہترین نمونہ اور مشعل راہ ہے۔ آپ کے نقشِ قدم پر چل کر ہی ہر انسان دنیا اور آخرت کی زندگی سنوار سکتا ہے اور کامیابی سے ہم کنار ہو سکتا ہے۔ ہمارے نہ چاہنے کے باوجود ہمارے بچوں کو دیوی، دیوتاؤں کے قصے، دیو مالائی حکایات، باطل نظریات پڑھائے جائیں اور وہ بچے ان چیزوں کو سچ جان کر مذہب اسلام کی حقانیت پر تنقید کریں، اس کے ساتھ تمسخر کریں۔ چنانچہ دور حاضر کا مشاہدہ کرنے سے پتہ لگتا ہے کہ ہمارے نونہال اسلامی تعلیمات سے دور ہوتے جا رہے ہیں۔ بچوں کو یہ بھی نہیں معلوم کہ مسلمان آج بھی دنیا کے بڑے رقبے پر قابض و حکمراں ہیں اور ان میں بے شمار دینی اور عصری تعلیمی ادارے ہیں۔

بقول مولانا واضح رشید ندوی یورپ کے ماہرین تعلیم کا دعوی ہے یہ ممکن ہی نہیں کوئی قوم یا ادارہ ان کا نصاب پڑھے اور ان کے تہذیبی اثرات اس قوم کی سرشت میں سرایت نہ کریں۔ لہذا ان کی اندھی تقلید کرنا اپنی نسلوں کو ذہنی اور فکری گمراہی میں دھکیلنا ہے۔ ہر دانشور کا فرض ہے کہ نصاب میں مناسب اور بجا تبدیلیوں پر ضرور غور و خوض کرے اور اپنی گراں قدر آرا سے نوازے۔

A DIVISION OF MS EDUCATION ACADEMY
MS RESEARCH FOUNDATION
*Where Ideas Take Shape*

# URDU

# تربیت چارٹ ۔ جماعت سوم

## معزز والدین/سرپرست !

اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے کہ آپ نے اپنے بچوں کے لیے اس نصاب کو منتخب کیا۔ یہ نصاب آپ کے بچوں میں اسلامی اقدار اور بلند اخلاق و کردار پیدا کرنے نیز سچّا مسلمان بنانے میں انشاء اللہ بہت اہم کردار ادا کرے گا۔ براہ کرم گھر پر ان کی نگرانی کریں اور ان اخلاقی اقدار پر عمل کرنے میں ان کا تعاون کیجیے یا حسب ضرورت ہم سے مدد لیجیے اور اس تربیتی کاز میں ہمارے شریک کار بنیے۔

| | | |
|---|---|---|
| اپنی غلطیوں کا احساس کرنا | رشتہ داروں کے ساتھ بہترین برتاؤ کرنا | بہادری کے ساتھ حالات کا سامنا کرنا |
| والدین سے اجازت طلب کرنا | صرف اللہ سے مدد مانگنا | نماز کی ادائیگی کی اہمیت جاننا |
| ادب وتہذیب کی اہمیت سے آگہی | محنت کی کمائی کی برکت سے واقفیت | والدین کے مشورہ کی اہمیت جاننا |
| وطن سے محبت | خوداعتمادی پیدا کرنا | پردہ وحجاب کی اہمیت سے واقفیت |

| | | |
|---|---|---|
| اچھی عادتوں کی تعلیم | بری عادتوں سے پرہیز | اساتذہ کا احترام |
| اپنے تئیں فخر کا اظہار نہ کریں | سب سے پہلے اپنے قریبی ضرورت مند رشتہ داروں کی مدد کریں | ہمیشہ رحم دلی کا اظہار کیا جائے |
| بھائی چارگی کو اہم جانیں | درخت اور پودے کی اہمیت سے واقف ہونا | دوسروں کے احسان کو ہمیشہ یاد رکھنا |
| اللہ تعالیٰ کی صفات پر یقین رکھنا | کسی کے بھروسے کو نہیں توڑنا | اس بات پر پورا یقین رکھنا کہ قرآن مجید اللہ کا کلام ہے |

| | | |
|---|---|---|
| نقل اتارنے سے احتراز کریں | اچھے کردار کی اہمیت کو جانیں | اپنے مقام ومرتبہ کی ذمہ داری کا احساس پیدا کریں |
| ناقص علم سے پرہیز کیا جائے | روزہ کی اہمیت جانیں | لغو باتوں کی عادت نہ ڈالیں |
| ہمیشہ ایمانداری اور خوش اسلوبی سے پیش آئیں | ذکر وتسبیح کا اہتمام کریں | اپنی ناکامی کا سبب دوسروں کو نہ جانیں |
| اپنے مقصد کو حاصل کرنے کیلئے انتھک محنت کریں | ہمیشہ سیدھے راستہ پر گامزن رہیں | نیک کام میں پیش پیش رہیں |

آپ کے رد عمل کی ہم قدر کریں گے اگر کوئی مشورہ، سوال یا کسی تعلق سے پوچھنا ہو براہِ کرم اس ای میل پر آگاہ کریں۔

email us at : research@msinstitutions.com

A DIVISION OF MS EDUCATION ACADEMY
MS RESEARCH FOUNDATION
Where Ideas Take Shape

# تربیت چارٹ ۔ جماعت دوم

## معزز والدین/سرپرست

اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے آپ نے اپنے بچوں کے لیے اس نصاب کو منتخب کیا یہ نصاب آپ کے بچوں میں اسلامی اقدار اور بلند اخلاق و کردار پیدا کرنے نیز سچّا مسلمان بنانے میں انشاء اللہ بہت اہم کردار ادا کرے گا۔ براہ کرم گھر پر ان کی نگرانی کریں اور ان اخلاقی اقدار پر عمل کرنے میں ان کا تعاون کیجئے یا حسب ضرورت ہم سے مدد لیجئے اور اس تربیتی مقصد میں ہمارے شریک کار بنیے۔

| | | |
|---|---|---|
| جمعہ کی اہمیت جانتے ہیں | یتیموں سے ہمدردی کرتے ہیں | خدمت گزاروں کا احترام کرتے ہیں |
| ہر ضرورت اللہ سے مانگتے ہیں | دوسروں سے حسد نہیں کرتے | اللہ کی سبھی صفات پر ایمان رکھتے ہیں |
| بنا اجازت دوسروں کی چیزیں نہیں لیتے ہیں | جانتے ہیں کہ اللہ ہر وقت دیکھ رہا ہے | دوست اچھے منتخب کرتے ہیں |
| جھوٹ نہیں بولتے | وعدہ خلافی کبھی نہیں کرتے ہیں | ہر وقت ایمانداری سے کام کرتے ہیں |

| | | |
|---|---|---|
| ہمیشہ اللہ کی تعریف وشکر کرتے ہیں | ہمیشہ مہمانوں کو دیکھ کر خوش ہوتے ہیں | ہر دم اپنی صفائی کا خیال رکھتے ہیں |
| اپنے اطراف کی صفائی کا خیال رکھتے ہیں | بدزبانی نہیں کرتے | دوسروں کو نقصان نہیں پہنچاتے |
| ہمیشہ دوسروں کی مدد کرتے ہیں | ہمیشہ معاف کرتے ہیں | اپنی غلطیوں پر پشیمان ہوتے ہیں |
| صدقہ دیتے ہیں | سبھی کے ساتھ حسن سلوک کرتے ہیں | مقدس مقامات کا احترام کرتے ہیں |

| | | |
|---|---|---|
| والدین اور بڑوں کا احترام کرتے اور کہنا مانتے ہیں | صحیح دعائیں معلوم کرکے دعا کرتے ہیں | کسی کام میں جلدبازی کبھی نہیں کرتے |
| جلدی غصہ نہیں ہوتے | ہمیشہ صبر سے کام لیتے ہیں | جانتے ہیں ہر چیز اللہ کی طرف سے ہے |
| اپنی چیزیں اپنے بھائی بہنوں میں بانٹتے ہیں | گھر والوں سے پیار کرتے اور ان کا خیال کرتے ہیں | سستی نہیں کرتے |
| گندگی نہیں کرتے | عیدین کی اہمیت جانتے ہیں | ذمہ داری کا احساس ہے |

آپ کے ردعمل کی ہم قدر کریں گے اگر کوئی مشورہ، سوال یا کسی تعلق سے پوچھنا ہو براہِ کرم اس ای میل پر آگاہ کریں۔

A DIVISION OF MS EDUCATION ACADEMY
MS RESEARCH FOUNDATION
Where Ideas Take Shape

email us at : research@msinstitutions.com

# تربیت چارٹ ۔ جماعت اول

## معزز والدین / سرپرست

اللہ تعالٰی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے آپ نے اپنے بچوں کے لیے اس نصاب کو منتخب کیا یہ نصاب آپ کے بچوں میں اسلامی اقدار اور بلند اخلاق و کردار پیدا کرنے نیز سچّا مسلمان بنانے میں انشاء اللہ بہت اہم کردار ادا کرے گا۔ براہ کرم گھر پر ان کی نگرانی کریں اور ان اخلاقی اقدار پر عمل کرنے میں ان کا تعاون کیجیے یا حسب ضرورت ہم سے مدد لیجیے اور اس تربیتی مقصد میں ہمارے شریک کار بنیے۔

| | | |
|---|---|---|
| سلام کرتے ہیں ۔ | اذان کا احترام کرتے ہیں ۔ | روز قرآن کی تلاوت کرتے ہیں اور معمول کی دعا پڑھتے ہیں |
| پابندی سے نماز ادا کرتے ہیں ۔ | بڑوں اور اعزہ کا احترام کرتے ہیں ۔ | صبح جلدی جاگتے ہیں ۔ |
| روز نہاتے ہیں۔ | کپڑے صاف رکھتے ہیں ۔ | تحفوں/ ہدیوں کا لین دین کرتے ہیں ۔ |
| کپڑے پہننے کی سنت پر عمل کرتے ہیں ۔ | کھانے کی سنت پر عمل کرتے ہیں ۔ | پانی پینے کی سنت پر عمل کرتے ہیں ۔ |

| | | |
|---|---|---|
| والدین کی مدد کرتے ہیں ۔ | کبھی کوئی چیز کسی سے نہیں چھینتے ۔ | لالچی نہیں ہیں ۔ |
| مسواک کرتے ہیں ۔ | اساتذہ اور کتابوں کا ادب کرتے ہیں ۔ | کبھی جھوٹ نہیں بولتے۔ |
| اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں ۔ | نبی سے محبت اور نبی کا احترام کرتے ہیں۔ | کوئی بھی چیز بہن بھائیوں میں بانٹ کر کھاتے ہیں |
| خود غرضی سے بچتے ہیں ۔ | خیرات دیتے ہیں ۔ | ضرورت مندوں کی مدد کرتے ہیں ۔ |

| | | |
|---|---|---|
| اپنے اطراف کو صاف رکھتے ہیں ۔ | کاہلی سے دور رہتے ہیں ۔ | ہمیشہ اچھے لوگوں کی صحبت پسند کرتے ہیں ۔ |
| کبھی غصے کا اظہار نہیں کرتے ۔ | غلطی پر معافی مانگتے ہیں ۔ | دوسروں کو آسانی سے معاف کر دیتے ہیں ۔ |
| جانوروں کا خیال رکھتے ہیں ۔ | فطری چیزوں کو پسند کرتے اور ان کا خیال رکھتے ہیں۔ | پانی احتیاط سے استعمال کرتے ہیں ۔ |
| ہمیشہ فرماں برداری کرتے ہیں ۔ | آزادانہ طور پر/ کاموں میں خود کفیل ہیں ۔ | مل کر کام کرنا پسند کرتے ہیں ۔ |

آپ کے ردعمل کی ہم قدر کریں گے اگر کوئی مشورہ، سوال یا کسی تعلق سے پوچھنا ہو براہِ کرم اس ای میل پر آگاہ کریں۔

A DIVISION OF MS EDUCATION ACADEMY
MS RESEARCH FOUNDATION
Where Ideas Take Shape

email us at : research@msinstitutions.com